روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

بدھ 11 نومبر 2015ء 28 محرم 1437 ہجری 11 نبوت 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 255

5 اہم صفات رسولؐ

حضرت جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے پانچ نام ہیں۔ میں محمد ہوں (یعنی غایت درجہ ستائش پانے والا) اور احمد ہوں (یعنی غایت درجہ حمد کرنے والا) اور میں ماحی ہوں (یعنی مٹانے والا) میرے ذریعہ اللہ تعالیٰ کفر کو مٹائے گا، میں حاشر ہوں (یعنی اکٹھا کرنے والا) میرے قدموں پر لوگ اکٹھے کئے جائیں گے اور میں عاقب ہوں (یعنی پیچھے آنے والا)۔

(بخاری کتاب المناقب باب ماجاء فی اسماء رسول اللہ 3532)

ارشادات عالیہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

درود اجابت دعا کی کلید ہے: ’’درود سے ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ جو شخص درود کثرت سے پڑھتا ہے اس کی دعائیں کثرت سے قبول ہوتی ہیں۔ دنیا میں یہ طریق ہے کہ اگر کسی سے کچھ کام کرانا ہوتا ہے تو اس کی پیاری چیز سے پیار کیا جاتا ہے۔ کسی عورت سے اگر کوئی کام کرانا ہو تو اس کے بچے سے محبت کرو۔ پھر دیکھو وہ کیسی مہربان ہوتی ہے۔ فقیر بھی جب خیرات لینے کے لئے دروازہ پر جاتا ہے تو یہ صدا کرتا ہے ’’مائی تیرے بچے جیئیں‘‘ کیونکہ فقیر بھی جانتے ہیں کہ اس صدا کا ماں پر بہت اثر ہوتا ہے جب ماں یہ آواز سنتی ہے تو دوڑی آتی ہے اور فقیر کو خیرات دیتی ہے۔ دیکھو اس آواز کے سنتے ہی جو اس کے پیارے بچے کے لئے ایک دعا ہوتی ہے وہ کس طرح دوڑی آتی ہے۔ اسی طرح درود پڑھنے والے شخص کے متعلق جب خدا دیکھتا ہے کہ اس نے اس کے پیارے کے لئے دعا کی ہے۔ تو کہتا ہے تو نے میرے پیارے کے لئے دعا کی، آ میں تیری دعا بھی قبول کرتا ہوں۔

(الفضل 11 دسمبر 1925ء)

درود انسان کی اپنی روحانی ترقی کا ذریعہ ہے: ’’نادان کہتے ہیں کہ محمد ﷺ کے لئے رحمت و برکت درود میں مانگی جاتی ہے، اپنے لئے اس میں کیا ہے کہ اس کے ذریعہ سے روحانی ترقی ہو سکتی ہے۔ مگر درود دراصل اپنے ہی لئے دعا ہے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام سے نسبت دے کر اس دعا کی وسعت اور جامعیت کو اور زیادہ بڑھا دیا گیا ہے۔ پس درود بہترین دعا ہے اور اس پر جتنا زور دیا جائے۔ اتنا ہی تھوڑا ہے۔ میں سمجھتا ہوں اس نکتہ کو یاد رکھ کر اگر کوئی درود پڑھے گا۔ تو اسے دعاؤں میں خاص لطف اور مزا آئے گا۔ کیونکہ اب پڑھنے والے کے لئے اس کے الفاظ کوئی چیستان اور معمے نہیں بلکہ خدا تعالیٰ تک پہنچانے کے لئے کھلا ہوا راستہ ہے غور و فکر کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ورنہ خدا اور رسول کی طرف سے جتنی باتیں سکھائی گئی ہیں ان میں بڑی بڑی حکمتیں ہیں انسان اپنی نادانی سے انہیں قابل اعتراض سمجھتا ہے۔ مگر وہ بڑی بڑی برکتیں اپنے اندر رکھتی ہیں۔‘‘

(الفضل 13 جنوری 1928ء)

تحریک وقف عارضی

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

’’تحریک وقف عارضی یہ ہے کہ احمدی دوست کم از کم پندرہ دن کیلئے (دو ہفتہ سے چھ ہفتہ تک) عارضی طور پر وقف کریں اور اپنے خرچ پر اس جگہ جائیں جہاں ان کو بھیجا جائے اور اپنے خرچ پر وہاں یہ ایام گزاریں۔ اس تحریک کے پیش نظر ذہن میں بہت سے مقاصد تھے۔ اول تو یہ کہ جماعت احمدیہ جسے اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں قائم کیا ہے اس کا ایک بڑا مقصد یہ ہے کہ نوع انسانی کو محبت کے رشتوں میں باندھ کر (۔) واحدہ بنا دیا جائے۔‘‘

(خطبات ناصر جلد 7 صفحہ 19)

(مرسلہ: ایڈیشنل نظارت تعلیم القرآن و وقف عارضی ربوہ)

احمدی ڈاکٹرز توجہ فرمائیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 15 دسمبر 2006ء کو خطبہ جمعۃ المبارک میں احمدی ڈاکٹرز کو ’’تحریک وقف‘‘ فرماتے ہوئے یہ الفاظ ارشاد فرمائے۔

’’ڈاکٹروں کو بھی اپنے آپ کو وقف کرنا چاہئے، چاہے تین سال کیلئے کریں چاہے پانچ سال کے لئے کریں۔ چاہے زندگی کیلئے کریں۔ لیکن ’’وقف‘‘ کرکے آگے آنا چاہئے۔‘‘

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی اس تحریک پر لبیک کہنے کے خواہشمند تمام احمدی ڈاکٹروں کو فضل عمر ہسپتال ربوہ دعوت خدمت دیتا ہے۔ فضل عمر ہسپتال کو فوری طور پر مندرجہ ذیل شعبہ جات میں وقف ڈاکٹرز کی ضرورت ہے۔

Emergency/Trauma Centre
Paediatrics.
Medicine.
Gynaecology
Surgery.
Eye/ENT
Pathology.
Radiology.
Anaesthesia.

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

اداریہ

عشق قرآن جماعت احمدیہ کی زندگی ہے

عشق قرآن جماعت احمدیہ کی زندگی ہے۔ یہ جادو ایسا سر چڑھ کر بولتا ہے کہ غیروں کو بھی کھینچ لیتا ہے۔ آیئے اس کے چند نظارے کریں۔

حضرت ڈاکٹر ولایت شاہ صاحب سب اسسٹنٹ سرجن افریقہ رفیق حضرت مسیح موعود 1879ء میں سمبڑیال میں پیدا ہوئے۔ کئی سال ہندوستان میں ملازمت کے بعد نیروبی چلے گئے۔ آپ قبول احمدیت کا ذکر کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔

''میں نے بچپن میں اپنے والد بزرگوار سے سنا ہوا تھا کہ قادیان ضلع گورداسپور میں ایک شخص مرزا غلام احمد صاحب نے امام مہدی ہونے کا دعویٰ کیا ہوا ہے۔ لیکن بعدازاں آپ کے مخالفین سے عجیب عجیب باتیں سنیں۔ ایسے بیانات نے مجھے احمدیت سے اس قدر بدظن کر دیا کہ میرے وہم وگمان میں بھی نہ تھا کہ میں کبھی احمدی ہو جاؤں گا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے نوازا اور محض اپنے فضل وکرم سے ایسے اسباب پیدا کر دیئے کہ میں آخرکار احمدی ہو گیا۔

میں امریکن مشن ہائی سکول سیالکوٹ کی پانچویں جماعت میں تھا کہ ماسٹر بدردین صاحب نے مجھے آغا محمد باقر خان قزلباش رئیس اعظم ومیونسپل کے ہاں ان کے دو چھوٹے بھائیوں کا ٹیوٹر مقرر کروا دیا اور مجھے بورڈنگ ہاؤس چھوڑ کر آغا صاحب کے ہاں رہنا پڑا۔ ایک دن میں ان کی بیٹھک کے باغیچہ میں کھڑا تھا کہ سامنے بازار سے کثیر التعداد ارتھیاں اور جنازے گزر رہے تھے جو طاعون کی وباء سے ہلاک ہوئے تھے۔ انہیں دیکھ کر میرا دل کانپ اٹھا۔ خیال آیا کہ جب شہر میں اتنے لوگ مر رہے ہیں تو خدانخواستہ مجھ پر بھی تو اس مرض کا حملہ ہو سکتا ہے۔ اتفاقاً مجھے قرآن کریم کے بارہ میں خیال آ گیا۔ جو میں نے گاؤں میں پڑھا تھا لیکن تلاوت جاری نہ رکھنے کی وجہ سے وثوق سے نہیں کہہ سکتا تھا کہ میری تلاوت صحیح ہے۔ اگر خدانخواستہ اس حالت میں فوت ہو جاؤں تو قیامت کے روز پہلا سوال قران کریم کے بھولنے کے بارہ میں ہو گا۔ جس کا کوئی معقول جواب نہیں دے سکوں گا۔ پھر سوچنے لگا کہ صحیح تلاوت کہاں سے اور کس سے سیکھی جاوے۔ اگر کسی مسجد کے ملا سے پوچھوں تو وہ کہے گا اتنے بڑے ہو کر تم کو قرآن شریف بھی پڑھنا نہیں آتا۔ آخرکار یہ تدبیر سوجھی کہ کہیں درس ہوتا ہو تو اس میں شامل ہو کر سنوں۔ اس طرح میری کمزوری پر بھی پردہ پڑا رہے گا اور صحیح تلاوت بھی سیکھ جاؤں گا۔ آخرکار یہی تدبیر میری ہدایت کا موجب ہوئی۔ چنانچہ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ **سارے شہر میں آ جا کر صرف ایک جگہ قرآن شریف کا درس ہوتا ہے اور وہ بھی احمدیوں کے ہاں** یعنی میر حامد شاہ صاحب مغرب کی نماز کے بعد درس دیتے ہیں۔ میں نے کہا کہ میری اصل غرض صحیح تلاوت سیکھنا ہے ترجمہ تفسیر اور مرزا صاحب کے بارہ میں دلائل کی طرف توجہ نہیں دوں گا۔ اگلے دن جب میں احمدیہ (بیت) کی طرف روانہ ہونے لگا تو آغا صاحب نے دیکھ لیا۔ پوچھنے لگے شاہ صاحب آج تم کہاں چلے ہو۔ میں نے کہا احمدیہ (بیت) میں درس سننے کے واسطے جانا چاہتا ہوں۔ کہنے لگے درس سن کر تم مرزائی ہو جاؤ گے۔ میں نے کہا میں نے صرف تلاوت سننی ہے۔ ان کے خصوصی عقائد کی طرف دھیان نہیں دوں گا۔ انہوں نے کہا یاد رکھو تم پر ضرور اثر ہو گا۔ لہٰذا بہتر یہی ہے کہ تم وہاں نہ جاؤ۔ اگلے دن آغا صاحب پھر باغیچہ میں ہی بیٹھے تھے۔ اس لئے اس دن بھی نہ جا سکا۔ تیسرے دن خوش قسمتی سے موقع مل گیا اور میں درس میں شامل ہو گیا۔ آغا صاحب کو بھی پتہ لگ گیا۔ لیکن انہوں نے مجھے جانے سے منع نہ کیا۔ میں ہر روز بلاناغہ درس میں شامل ہوتا رہا۔ مجھے سوال یا اعتراض کرنے کی ضرورت نہ پڑی۔ **ترجمہ اور تفسیر سن کر میرے شکوک اور شبہات خود بخود رفع ہو گئے۔** مخالفین کے سب افتراء فاسد علی الفاسد ثابت ہوئے اور میں نے انشراح صدر سے 1899ء میں بیعت کر لی۔ ایک پادری صاحب نے جو ہمیں انجیل پڑھایا کرتے تھے۔ مجھے بہکانے کی بہت کوشش کی۔ لیکن میں اپنے سلسلہ کا لٹریچر پڑھ کر ان کے قابو میں نہ آیا۔ بلکہ ان کو لاجواب کر دیا۔ آخرکار ایک دن کہنے لگے کہ مجھے پتہ لگ گیا ہے تم مرزائی ہو گئے ہو۔ میں نے کہا ہاں! وہی لوگ تو ہیں جن کے سامنے تم لوگ نہیں ٹھہر سکتے۔''

(تاریخ احمدیت جلد 23 صفحہ 394)

حضرت میاں وزیر محمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود رہتاس ضلع جہلم میں قیام فرماتے۔ آپ اہل تشیع سے جماعت میں آئے اور 95 سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ آپ کے عشق قرآن کا ذکر کرتے ہوئے ان کے ایک دوست بیان کرتے ہیں۔

قرآن مجید کی تلاوت کا بہت شوق تھا۔ آخری عمر میں نظر بہت کمزور ہو گئی تھی۔ مگر عینک کا خاص اہتمام قرآن کریم کی تلاوت کے لئے فرماتے۔ ایک دفعہ مجھے خط میں لکھا کہ نظر کمزور ہو رہی ہے۔ مگر خدا کا شکر ہے کہ ابھی قرآن کریم پڑھ لیتا ہوں۔ (الفضل 4 جون 1939ء)

ڈاکٹر قاضی محمد لطیف صاحب جے پوری (وفات: 7 جون 1996ء) حضرت مسیح پاک کے رفیق حضرت ڈاکٹر قاضی محبوب عالم صاحب کے فرزند تھے۔ جو اپنے چھوٹے بھائی کی معیت میں تقسیم ملک کے بعد بھی جے پور میں ہی آباد رہے۔ اپنے والد ماجد کی مقدس روایت کے مطابق آپ نے حضرت مسیح موعود کے خاندان خصوصاً حضرت مصلح موعود سے ذاتی تعلق قائم رکھا۔ وہ جے پور سے نیا لبادہ بنوا کر سالانہ جلسہ کی تقریب پر حضرت مصلح موعود کی خدمت میں پیش کرتے اور پرانا لبادہ حضور سے تبرک کے طور پر لے جاتے۔ بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ سلسلہ سے عجیب قسم کا خاموش اخلاص اور سلسلہ کی شخصیتوں سے گہرا لگاؤ اور محبت رکھنے والے اور سلسلہ کے مہمانوں کی خاطر مدارت کرنے والے تھے۔ پروفیسر قاضی محمد اسلم صاحب ایم اے کے الفاظ میں آپ ''اندھیرے میں ایک شمع'' تھے۔ اپنی مصروفیات کے باوجود سلسلہ کی کتابوں کا بالاستیعاب مطالعہ کیا اور دینی علوم میں خوب درک حاصل کیا۔ تقریر اور خطابت بھی سیکھ لی۔ اپنے علم کی وجہ سے نہایت درجہ ہر دل عزیز تھے۔ دعوت الی اللہ کا بہت شوق تھا۔ فرمایا کرتے تھے کہ ہماری پانچویں پشت اب احمدیت میں چل رہی ہے۔

خان بہادر چوہدری نعمت خاں صاحب موضع بیگم پور ضلع ہوشیارپور کے رہنے والے تھے۔ اے بی کورس حساب کا مضمون لے کر آپ نے بی۔ اے پاس کیا۔ اس کے کچھ عرصہ بعد 1904ء میں آپ سب جج مقرر ہوئے اور ترقی کرتے کرتے دہلی سے بطور ڈسٹرکٹ جج 1936ء میں پنشن پا کر ریٹائر ہوئے۔ گویا آپ نے 32 سال ملازمت کی اور اس کے بعد 30 سال تک پنشن پائی۔

ملازمت کے دوران میں ہی قرآن مجید حفظ کیا اور ہمیشہ **قرآن شریف کا دور جاری رکھا اور آخری بیماری تک قرآن شریف کا دور کرنا آپ کا معمول تھا۔** قرآنی حقائق ومعارف سے آپ کو خاص دلبستگی اور شغف تھا اور اسلامی فلسفہ قرآن شریف سے نکالتے تھے جو بہت ہی لطیف نکات پر مبنی ہوتا تھا۔

آپ کا قاعدہ تھا کہ ہر مقدمہ کا فیصلہ دوٹوک اور کانٹے کی تول کرتے۔ جتنا عرصہ آپ ملازم رہے خداترسی سے آپ نے اپنے فرائض منصبی ادا کئے اور پنجاب بھر میں بہت کم ایسے جوڈیشنل حکام ہوں گے جو چوہدری صاحب کے مرتبے تک پہنچ سکیں۔ جو شخص ججی کی حالت میں قرآں شریف حفظ کرے اور قرآن شریف کا ورد اس کا معمول ہو ضروری ہے کہ اس کے فیصلے خداترسی اور بے لاگ انصاف پر مبنی ہوں۔ گویا آپ کی ملازمت بھی خلق اللہ کی خدمت اور ایک قسم کی عبادت تھی۔

آپ کے احمدی ہونے کا واقعہ بھی بڑا دلچسپ ہے۔ آپ کو غیر مبائعین کا لٹریچر دستیاب ہوا۔ اس کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے تحقیق حق کرنی چاہی اور مبائعین کا لٹریچر بھی بغور مطالعہ کیا۔ بطور جج آپ کو حق و باطل کو پرکھنے میں یدطولیٰ حاصل تھا۔ دونوں طرف کے دلائل کا موازنہ کرنے کے بعد آپ نے بڑے انشراح صدر سے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی بیعت کی۔

(تاریخ احمدیت جلد 23 صفحہ 680)

مکرم ملک محمد اکرم صاحب مربی سلسلہ یوکے بیان کرتے ہیں کہ خاکسار کے بھائی ملک محمد اعظم صاحب نے 1960ء میں بیعت کی اور ان کی تحریک پر خاکسار نے 1962ء میں احمدیت قبول کی اور ہم دونوں بھائی ربوہ منتقل ہو گئے۔ ہم اپنی والدہ محترمہ کو ربوہ لائے اور ماحول کی برکت اور رمضان میں علماء کرام کے درس قرآن سے اتنی متاثر ہوئیں کہ چند ماہ بعد انہوں نے بھی بیعت کر لی۔

(الفضل 7 جولائی 2014ء)

مرتبہ: مکرم ظہیر احمد خان صاحب معاون خاص افسر جلسہ سالانہ

صرف 28 دنوں کا شہر۔ حدیقۃ المہدی یوکے

جلسہ سالانہ کے خدمت گاروں کی سعادتیں۔ امام کی شفقتیں

(قسط اول)

حدیقۃ المہدی میں جلسہ کے انعقاد کے لئے اس عارضی شہر کے آباد کرنے اور سمیٹنے کے لئے برطانیہ کے قانون کے مطابق صرف 28 دنوں کا دورانیہ ہوتا ہے، اس لئے حدیقۃ المہدی میں ان اٹھائیس دنوں میں پورے زور سے کام ہوتا ہے اور جلسہ کے انعقاد سے قریباً سولہ سترہ دن قبل وقارعمل اور مختلف کمپنیوں کے کاموں کا آغاز ہو جاتا ہے اور جلسہ کے بعد ہفتہ عشرہ میں اس عارضی شہر کو سمیٹ دیا جاتا ہے۔

فروری 2015ء میں جلسہ سالانہ کی انتظامیہ کے افسران کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے منظوری عطا ہونے پر فروری کے مہینہ میں گزشتہ سال کے نائب افسران جلسہ سالانہ کے ساتھ جلسہ سالانہ کی میٹنگز کا آغاز کیا گیا اور مارچ 2015ء میں جب حضور انور نے نئی انتظامیہ کے نائب افسران کی منظوری عطاء فرمائی تو اس نئی انتظامیہ کی باقاعدہ پندرہ روزہ میٹنگز کا آغاز ہوا۔ ہر میٹنگ میں گزشتہ عرصہ کے کاموں کا جائزہ لیا جاتا اور آئندہ کے کاموں کی منصوبہ بندی کی جاتی۔

حدیقۃ المہدی میں 28 دنوں کے دورانیہ کا آغاز ہونے پر اس سال 4۔ اگست 2015ء کو کام شروع ہوا۔ تو ملک بھر سے وقف عارضی پر آنے والے نیز وقارعمل کے لئے آنے والے اطفال، خدام اور انصار کے وقارعمل کے علاوہ جلسہ سالانہ کی سائیٹس کی جملہ نظامتوں، نظامت مینٹی نینس، نظامت بجلی، نظامت آب رسانی، نظامت ہیلتھ اینڈ سیفٹی، نظامت کمیونیکیشن نیز خدمت خلق کے شعبہ جات نے بھرپور انداز میں اپنے اپنے کاموں کو سرانجام دینا شروع کر دیا۔ اسی طرح بیت الفتوح میں دفتر جلسہ سالانہ، نظامت رجسٹریشن، نظامت حاضری نگرانی، نظامت مہمان نوازی اور نظامت رہائش نے اپنی اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی شروع کردی۔ جبکہ مہمان نوازی بیت فضل، اسلام آباد اور جامعہ احمدیہ بھی سیدنا حضرت مسیح موعود کے مہمانوں کی خدمت کے لئے کمربستہ ہوگئیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے امسال جلسہ سالانہ کی ڈیوٹیوں کے افتتاح کے لئے 16۔ اگست 2015ء کی تاریخ کی منظوری عطاء فرمائی۔ اس روز صبح سے ہی بادلوں اور سورج کے درمیان آنکھ مچولی جاری تھی اور لندن میں درجہ حرارت 20، 21 سینٹی گریڈ چل رہا تھا۔ حضرت مسیح دوراں کا پانچواں خلیفہ اور اس زمانہ میں خدا تعالیٰ کا سب سے محبوب بندہ دوپہر ساڑھے تین بجے کے قریب قصر خلافت سے باہر تشریف لایا تو سورج نے بھی اس کے استقبال کی سعادت پائی۔

بیت فضل کے احاطہ کے اندر اور باہر ہر سو عشاق خلافت اپنے آقا کے دیدار کے لئے صف آراء تھے۔ نیز بیت فضل میں قائم مختلف نظامتوں کے کارکنان اور کارکنات قصر خلافت کے داخلی دروازہ کے دائیں بائیں ہاتھ باندھے کھڑے تھے۔ افسر صاحب جلسہ سالانہ محترم محمد ناصر خان صاحب نے ان کا تعارف کرواتے ہوئے حضور انور کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ یہ یہاں کی نظامتوں کے کارکنان اور کارکنات ہیں نیز ان نظامتوں کے ناظمین کے بارہ میں بھی حضور کو بتایا۔ حضور نے ناظمین کو مصافحہ کا شرف عطا فرمایا اور پھر فرمایا آیئے دعا کرلیں۔ دعا کے بعد حضور انور نے دوبارہ کارکنان پر نظر شفقت ڈالی اور مکرم ناصر خان صاحب کو مخاطب کر کے مسکراتے ہوئے فرمایا یہ سارے ڈیوٹی والے ہیں؟ اتنے تو مہمان نہیں جتنے یہ ڈیوٹی والے ہیں۔ پھر گاڑی کی طرف تشریف لے جاتے ہوئے سامنے کھڑی لجنہ کی کارکنات کو اپنا دست مبارک بلند فرما کر السلام علیکم کے تحفہ سے نوازا۔

دعا کے بعد حضور انور تین بجکر پینتیس منٹ پر بیت الفتوح میں کئے گئے انتظامات جلسہ سالانہ کے معائنہ کے لئے روانہ ہوئے اور تین بجکر تریپن منٹ پر حضور انور کا قافلہ بیت الفتوح پہنچا۔

یہاں پر بھی جلسہ سالانہ کے کارکنان اور دیگر مہمان لائنوں میں اپنے آقا کے انتظار میں کھڑے تھے۔ جونہی حضور انور کی گاڑی بیت الفتوح کے احاطہ میں داخل ہوئی ان احباب نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کرنے شروع کر دیئے۔ حضور انور جب اپنی گاڑی سے باہر تشریف لائے تو بیت الفتوح کی مہمان نوازی کے نگران مکرم نصیر دین صاحب نائب افسر جلسہ سالانہ، مکرم نسیم احمد باجوہ صاحب امام بیت الفتوح اور مکرم رانا مشہود احمد صاحب نیشنل جنرل سیکرٹری جماعت یوکے نے حضور انور سے مصافحہ کا شرف حاصل کیا۔ یوکے جماعت کے شعبہ ایچ آر کے انچارج مکرم ناصر جاوید صاحب کو وہاں چھڑی کے سہارے چلتے دیکھ کر حضور انور نے فرمایا کہ کل تو آپ وہیل چیئر پر بیٹھے ہوئے تھے۔ پھر حضور انور نے استقبال، رہائش اور انفرمیشن وغیرہ نظامتوں کے کارکنوں نیز مہمانوں کو جو وہاں لائنوں میں کھڑے تھے السلام علیکم کہا۔

بیت الفتوح کے دائیں داخلی دروازے سے گزرتے ہوئے حضور انور جب ناصر ہال میں پہنچے جہاں پر رجسٹریشن اور کارپاسز کے عارضی دفاتر کام کر رہے تھے اور دفتر جلسہ سالانہ کے کارکنان اور جلسہ سالانہ کے حوالہ سے لجنہ اماء اللہ کے بیت الفتوح میں کام کرنے والے مختلف دفاتر کی کارکنات بھی وہاں موجود تھیں۔ تو ان کارکنات اور بچیوں نے اشعار ؎

"ہمارا خلافت پہ ایمان ہے
یہ ملت کی تنظیم کی جان ہے"

ترنم سے پڑھتے ہوئے حضور انور کے استقبال کی سعادت پائی۔

حضور انور مردانہ رجسٹریشن آفس میں تشریف لے گئے۔ وہاں موجود کارکنان نے رجسٹریشن کے طریق کار نیز مختلف قسم کے رجسٹریشن کارڈوں کی تفصیل حضور انور کی خدمت اقدس میں عرض کی۔ حضور انور نے وہاں موجود خدام سے دریافت فرمایا کہ وہ کیا کر رہے ہیں اور کہاں سے آئے ہیں نیز انہیں از راہ شفقت مصافحہ کا شرف بھی عطا فرمایا۔ پھر حضور کچھ دیر کے لئے خواتین کے رجسٹریشن آفس میں تشریف لے گئے اور وہاں رجسٹریشن سسٹم کو ملاحظہ فرمایا۔

ناصر ہال سے گزرتے ہوئے حضور انور نے کارپاسز کے دفاتر کے سامنے جہاں مختلف قسم کے کارپاسز کاؤنٹر پر رکھے ہوئے تھے، رک کر OL(Operational Pass For Ladies) کی تحریر والے کارڈ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا اس دفعہ یہ پاس نیا بنایا ہے؟ اور ساتھ فرمایا لجنہ کے سوا کوئی اس طرف نہ جائے۔ نیز افسر صاحب جلسہ سالانہ کو مخاطب کر کے فرمایا آپ کے پاس تو یہ پاس نہیں ہے؟ انہوں نے عرض کی کہ نہیں حضور۔

جلسہ سالانہ کے دفتر کے سامنے سے گزرتے ہوئے حضور انور نے دریافت فرمایا یہ کس چیز کا دفتر ہے؟ محترم افسر صاحب جلسہ سالانہ نے عرض کیا کہ یہ دفتر جلسہ سالانہ کی انتظامیہ کا میٹنگ روم ہے۔ پھر حضور انور نے قدرے آگے ہو کر دفتر کے اندر ایک نظر ڈالی، وہاں موجود کارکنان نے حضور انور کو سلام عرض کیا۔ پھر حضور انور ہومیو پیتھک ڈسپنسری میں تشریف لے گئے اور وہاں موجود کارکن سے دریافت فرمایا کہ Original دوائی ہی استعمال کر رہے ہیں نا، الکحل ملا کر تو دوائی نہیں بناتے؟ کارکن نے عرض کیا کہ جیسا حضور انور نے ہدایت فرمائی تھی Original دوائیاں ہی استعمال کی جا رہی ہیں۔

حضور انور نے وہاں سے آگے چلتے ہوئے دریافت فرمایا اور کیا ہے؟ نیز نور ہال (بالائی منزل) کی رہائش کے بارہ میں دریافت فرمایا کہ وہ تو پہلی جیسی ہی ہے، اوپر جانے کی ضرورت نہیں؟ مکرم امیر صاحب نے عرض کی کہ جی حضور ویسی ہی ہے۔

پھر حضور انور بیت الفتوح کے گراؤنڈ فلور والے کچن میں تشریف لے گئے۔ کارکنان نے حضور انور کی خدمت اقدس میں زردہ پیش کیا جسے حضور انور نے از راہ شفقت چکھ کر متبرک فرمایا۔ حضور انور کے دریافت فرمانے پر کارکن نے عرض کیا کہ حدیقۃ المہدی میں رات کے کھانے کیلئے دال ماش تیار کی ہے۔ نیز ایک دیگ میں تیار ہونے والے مصالحہ کے بارہ میں حضور انور کے دریافت فرمانے پر عرض کیا کہ یہ دال ماش کا مصالحہ تیار ہو رہا ہے اور دوسری دیگ کے بارہ میں عرض کیا کہ یہ چکن کا قورمہ ہے۔

کچن سے نکل کر حضور انور بک شاپ میں تشریف لے گئے اور وہاں موجود مکرم ارشد احمدی صاحب نیشنل سیکرٹری اشاعت یوکے سے فرمایا کہ عربی کتب جلسہ گاہ کے سٹال پر بھی رکھوائیں۔ بک شاپ پر موجود حضور انور کی ایک بہت ابتدائی تصویر کی کچھ کاپیاں دیکھ کر فرمایا اتنی پرانی تصویر شائع کروانے کی کیا ضرورت تھی؟ کوئی نئی تصویر بنوا لیتے۔ قادیان سے شائع ہونے والی کتاب Essence of Islam کی جلد کے مختلف رنگوں کے بارہ میں مکرم ارشد احمدی صاحب کے عرض کرنے پر فرمایا یہی رنگ ان کو مل رہا تھا اور پھر فرمایا کوئی بات نہیں، ریڈرز ڈائجسٹ والے بھی اسے بعض دفعہ مختلف رنگوں میں ہی شائع کرتے ہیں۔ مکرم ارشد احمدی صاحب کے تفسیر صغیر کے ایک ایڈیشن جس میں بعض لفظ پرنٹ ہونے سے رہ گئے تھے کے بارہ میں استفسار پر حضور انور نے راہنمائی کرتے ہوئے فرمایا ٹھیک کروا کے بے شک فروخت کریں۔ میں نے کہا تھا کہ جب تک ٹھیک نہ ہو جائے فروخت نہ کریں۔

بک شاپ کی بالائی منزل پر بننے والے نئے فلیٹ میں جاتے ہوئے مکرم ناصر خان صاحب افسر جلسہ سالانہ نے سہواً عرض کیا کہ حضور یہاں ہم نے بیڈ میں کمرے لگا دیئے ہیں۔ حضور انور نے اس فقرہ سے محظوظ ہوتے ہوئے فرمایا اچھا کمال کر دیا۔ یہ کارنامہ پہلے کوئی نہیں کر سکا تو آپ نے کر دیا ہے۔ پھر حضور انور نے محترم امیر صاحب یوکے کو بھی اس مزاح میں شامل کرتے ہوئے فرمایا، امیر صاحب آپ کے افسر صاحب جلسہ سالانہ بڑے کمال کے انسان ہیں، انہوں نے تو بیڈ میں کمرے لگا دیئے ہیں۔

اس فلیٹ جس میں جلسہ کے مہمانوں کی رہائش کا انتظام کیا گیا تھا کو ملاحظہ فرمانے کے بعد حضور انور بیت الفتوح کے ڈائننگ ہال سے ہوتے ہوئے دوسرے کچن میں تشریف لے گئے۔ کچن میں موجود ایک کارکن مکرم مقبول صاحب نے حضور انور کے ملاحظہ کے لئے آلو گوشت کی دیگ کا ڈھکنا اٹھایا تو حضور انور نے فرمایا ابھی تو یہ پک رہا ہے۔ پھر فرمایا پک گیا ہے اور دم دے رہے ہیں؟ اس لنگر کے ناظم مکرم لئیق احمد صاحب کے اثبات میں جواب عرض کرنے پر حضور انور نے چمچ سے سالن کو ہلا کر ملاحظہ فرمایا اور پھر فرمایا شکل تو اچھی لگ رہی ہے، لگتا ہے بوٹی بھی گلی ہوئی ہے۔ مکرم مقبول احمد صاحب کے عرض کرنے پر کہ حضور چیک فرمالیں۔ حضور انور نے از راہ مزاح فرمایا گرم گرم کو چیک کر کے اپنے ہاتھ جلانے ہیں۔ پھر حضور انور کے ارشاد پر مکرم لئیق احمد صاحب نے دیگ سے کچھ سالن نکالا۔ حضور انور نے اپنے دست مبارک

سے ایک چمچ کے ساتھ بوٹیوں کو اچھی طرح توڑ کر دیکھا اور فرمایا ابھی دم آنے والا ہے۔

پھر حضور انور نے دال کی دیگ کا بھی معائنہ فرماتے ہوئے اپنے دست مبارک سے دیگ میں سے دال پلیٹ میں ڈالی اور دریافت فرمایا روٹی کہاں ہے؟ روٹی موجود نہ ہونے پر حضور انور نے چمچ کے ساتھ تھوڑی سی دال کو چکھا اور فرمایا ٹھیک ہے۔ اسی کچن کے ایک ٹیبل پر دو تین قسم کی مچھلی کو بھی تیار کر کے حضور کے ملاحظہ کے لئے رکھا گیا تھا۔ حضور انور نے تینوں قسم کی مچھلی کو تھوڑا تھوڑا چکھا اور ایک مچھلی کے متعلق فرمایا یہ ٹیونا ہے۔ حضور انور نے کچن کے کارکنان کو ازراہ شفقت مصافحہ کا شرف بخشا اور کچن کے عقبی راستہ سے باہر تشریف لے آئے۔

بیت الفتوح میں انتظامات کا معائنہ فرمانے کے بعد چار بجکر دس منٹ پر حضور انور کی یہاں سے روانگی ہوئی اور چار بجکر اٹھاون منٹ پر حضور انور کا قافلہ جامعہ احمدیہ کے احاطہ میں داخل ہوا۔ جامعہ احمدیہ میں ریزرو 1 (تبشیر گیسٹ) کے قیام وطعام کا انتظام کیا گیا تھا۔ اس مہمان نوازی میں خدمت کی توفیق پانے والے جامعہ احمدیہ یوکے کے طلباء اور دیگر کارکنان استقبالیہ سے باہر لائنوں میں کھڑے اپنے آقا کے منتظر تھے۔

ناظم ریزرو 1 مکرم حافظ اعجاز احمد صاحب طاہر کو مخاطب کرتے ہوئے حضور انور نے فرمایا لگتا ہے جامعہ کے سارے لڑکے تم نے رکھ لئے ہیں۔ مکرم حافظ صاحب نے عرض کیا کہ یہ مربیان ہیں جو باہر سے آئے ہیں اور آگے شاہدین ہیں جو امسال پاس ہوئے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا جامعہ میں رہائش ہے ان کی، یہ مہمان آئے ہیں؟ مکرم حافظ صاحب نے عرض کیا نہیں حضور، ڈیوٹی کے لئے آئے ہیں۔ پھر حضور انور نے حافظ صاحب سے مہمانوں کی تعداد کے متعلق استفسار فرمایا تو حافظ صاحب نے عرض کیا کہ ابھی پچاس کے قریب ہیں، لیکن کافی مہمانوں کی توقع ہے۔

حضور انور کے استقبالیہ میں داخل ہونے پر وہاں موجود عرب، انڈونیشین اور افریقن مہمانوں نے سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کے الہام ''انی معك یا مسرور'' پر مبنی بعض عربی اشعار بلند آواز میں پڑھتے ہوئے اپنے آقا کے استقبال کی سعادت پائی۔ حضور انور نے وہاں موجود تمام مہمانوں کو ازراہ شفقت مصافحہ کا شرف بخشا اور پھر حضور انور جامعہ احمدیہ کے اکیڈیمک بلاک کی طرف جس کے ایک حصہ میں مہمانوں کی رہائش کا انتظام کیا گیا تھا تشریف لے گئے۔ مکرم حافظ صاحب نے تفصیل بتاتے ہوئے عرض کیا کہ اوپر مردوں کے لئے اور نیچے دائیں طرف خواتین کے لئے رہائش کا انتظام کیا گیا ہے۔ جامعہ احمدیہ کے ہال کے پاس سے گزرتے ہوئے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ یہ بند کر دیا ہے؟ (یہ ہال اس طرح بنا ہوا ہے کہ اس کی دیواریں ستونوں کے اندر فولڈ ہو جاتی ہیں، جس سے ہال سامنے سے کھل جاتا ہے اور اگر ہال کو بند کرنا ہو تو ان دیواروں کو کھول دیا جاتا ہے جس سے ہال بند ہو جاتا ہے) مکرم حافظ صاحب نے عرض کیا کہ اس میں جامعہ کا سارا سامان، سٹور اور جلسہ کے کارکنان کی رہائش ہے۔

ہال کے سامنے پہنچنے پر حضور انور کے دریافت کرنے پر مکرم حافظ صاحب نے اکیڈیمک بلاک کی جنوبی جانب کے بارہ میں عرض کیا کہ اس طرف دفاتر اور لائبریری ہے، جہاں عموماً مہمانوں کی رہائش نہیں ہوتی۔ اس طرف صرف آخری دو کلاسوں میں مہمانوں کی رہائش کا انتظام ہوتا ہے۔ سیڑھیوں کے سامنے لگی ٹی وی سکرین کے بارہ میں مکرم حافظ صاحب نے عرض کیا کہ یہ انفرمیشن بورڈ ہے، جس پر گاڑیوں اور دیگر پروگراموں کی انفرمیشن آتی رہے گی۔

اکیڈیمک بلاک کے شمالی جانب تشریف لے جاتے ہوئے ہال کے سامنے باہر کی طرف جلسہ کے مہمانوں کے لئے رکھوائے جانے والے شاورز کے متعلق مکرم حافظ صاحب نے عرض کیا کہ یہ مردوں کے استعمال کے لئے رکھوائے ہیں کیونکہ اندر کے شاورز خواتین کو دے دیئے جاتے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا صاف ستھرے ہیں؟ مکرم حافظ صاحب نے بتایا کہ جی حضور اچھے ہیں اور صاف ستھرے ہیں۔ محترم ناصر خان صاحب نے عرض کیا حضور وی آئی پی قسم کے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا اچھا کمال کر دیا ہے خان صاحب نے۔

اس موقعہ پر حضور انور نے مڑ کر عقبی جانب دیکھ کر محترم سید محمود احمد شاہ صاحب ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ ربوہ کو بلایا اور فرمایا دیکھا ہے جامعہ، کیسا لگا ہے؟ محترم محمود شاہ صاحب نے عرض کیا کہ حضور پیارا ہے۔ حضور نے فرمایا صرف پیارا ہے۔

اس کے بعد حضور انور نے ایک کلاس روم میں داخل ہوتے ہوئے دریافت فرمایا لجنہ نہیں ابھی آئیں؟ مکرم حافظ صاحب نے عرض کیا کہ حضور آ گئی ہیں وہ دوسری طرف اوپر کیوبیکلز میں ہیں۔ یہاں صرف ان خواتین کی رہائش کا انتظام ہے جو اکیلی اکیلی آتی ہیں۔ حضور انور نے رہائش کے انتظامات ملاحظہ فرمائے اور فرمایا یہ تو کلاس رومز ہیں نا؟ مکرم حافظ صاحب نے عرض کیا کہ جی حضور یہ کلاس رومز ہی ہیں لیکن انہیں رہائش کے لئے تیار کر لیا گیا ہے۔

اس کمرہ سے نکل کر حضور انور نے مکرم حافظ اعجاز صاحب سے دریافت فرمایا آگے کیا ہے؟ مکرم حافظ صاحب نے عرض کیا کہ آگے بھی اسی طرح کلاس رومز میں رہائش کا انتظام کیا گیا ہے۔

اس حصہ کی بالائی منزل کے انتظامات کی بابت دریافت کرنے پر مکرم حافظ صاحب نے عرض کیا کہ اس حصہ میں ایک طرف ٹائلٹس اور باتھ رومز ہیں اور دوسری جانب کامن روم اور جم ہے۔ کامن روم اور جم کو ایمرجنسی کی صورت میں رہائش کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ حضور انور نے فرمایا عموماً رہائش نہیں ہوتی؟ حافظ صاحب نے عرض کیا جی حضور عموماً رہائش نہیں ہوتی۔

اکیڈیمک بلاک کے جنوبی حصہ کی بالائی منزل کے بارہ میں حضور انور کے دریافت فرمانے پر مکرم حافظ صاحب نے بتایا کہ یہ حصہ جامعہ کے ہوسٹل کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور ہم نے اس میں مردوں کی رہائش کا انتظام کیا ہے۔

اس حصہ کے معائنہ کے بعد جب حضور انور کچن اور ڈائننگ ہال کے معائنہ کے لئے استقبالیہ سے گزرے تو وہاں موجود مہمانوں نے عربی اشعار

طلع البدر علینا من ثنیات الوداع
وجب الشکر علینا ما دعا للّٰہ داع

یعنی ہم پر ثنیات الوداع (مکہ کی پہاڑی) سے بدر (یعنی چودھویں رات کا چاند) طلوع ہوا۔ ہم پر اس کا شکر لازم ہے جس داعی (یعنی بلانے والے) نے اللہ عزوجل کی طرف (ہمیں) بلایا، ترنم کے ساتھ پڑھے۔

کچن اور ڈائننگ ہال کی طرف تشریف لے جاتے ہوئے حضور انور نے فرمایا یہاں کیا ہے۔ مکرم حافظ اعجاز احمد صاحب نے عرض کیا کہ حضور کیک ہے۔ پھر حضور کچن میں داخل ہوئے اور وہاں دیگچے پڑے دیکھ کر ازراہ مزاح فرمایا پتیلوں میں کیک بنایا ہے؟ وہاں موجود ایک کارکن نے عرض کیا کہ حضور کیک لندن سے آیا ہے اور یہاں پکوڑے بن رہے ہیں۔

حضور انور نے ایک دیگچے کا ڈھکنا اٹھا کر دیکھا جس میں دوپہر کا سالن پڑا تھا، فرمایا اسے کیا کریں گے؟ شام کو کھلائیں گے؟ یہ تو سڑ جائے گا۔ پھر حافظ صاحب کی طرف دیکھ کر اپنے استفسار کے جواب کا کچھ دیر انتظار کرنے کے بعد دوبارہ فرمایا یا پھینک دیں گے؟ اور پھر نہایت پیاری مسکراہٹ کے ساتھ کچھ دیر مکرم حافظ اعجاز احمد طاہر صاحب کی طرف دیکھا۔ مکرم حافظ صاحب نے گھبرائے ہوئے انداز میں عرض کیا۔ حضور اسے فریز کر لیں گے اور ضرورت پڑنے پر استعمال کریں گے۔ مکرم حافظ صاحب کا جواب سن کر حضور انور کے چہرہ پر ہلکی سے مسکراہٹ آئی اور حضور آگے تشریف لے گئے۔

پھر پکوڑوں کی ٹرے سے ایک پکوڑا تناول فرماتے ہوئے فرمایا یہ تو پکوڑے ہیں، حافظ صاحب تو کہہ رہے تھے کہ کیک ہے، پکوڑوں کا کیک بنا رہے ہیں؟

اس کے بعد حضور انور ڈائننگ ہال میں تشریف لے گئے۔ مکرم حافظ اعجاز صاحب نے وہاں موجود جامعہ کینیڈا کے طلباء کا تعارف کرواتے ہوئے عرض کیا کہ یہ وقف عارضی پر یہاں آئے ہیں۔ ڈائننگ ہال میں ایک میز پر کیک سجایا گیا تھا۔ ایک طالبعلم نے کیک کاٹنے کیلئے حضور انور کی خدمت میں چھری پیش کی تو چھری چونکہ کافی بڑی تھی۔ چھری پکڑتے ہوئے حضور انور نے فرمایا تم نے اس چھری کے ساتھ بکرا ذبح کروانا ہے؟ پھر حضور انور نے کیک کاٹ کر ایک ٹکڑا پلیٹ میں ڈالا اور اس میں سے ایک چھوٹا سا ٹکڑا تناول فرماتے ہوئے فرمایا لگتا ہے بہت زیادہ کوکو ڈالی ہوئی ہے۔

جامعہ احمدیہ کینیڈا کے ایک طالبعلم کو جس نے ٹرے میں پکوڑے وغیرہ حضور انور کی خدمت اقدس میں پیش کرنے کی سعادت پائی، ٹرے سے ایک پکوڑا تناول فرماتے ہوئے حضور انور نے فرمایا جامعہ کینیڈا والے بھی اسی طرح کرتے ہیں۔ کھلاتے ہیں کہ نہیں کھلاتے اس طرح؟ طالبعلم کے اثبات میں جواب پر فرمایا کب؟ اور پھر اس طالبعلم کی جواب نہ دے سکنے کی مشکل کو محسوس کرتے ہوئے خود ہی اس کی مشکل آسان کرتے ہوئے فرمایا، اگر کوئی جامعہ میں آ جائے؟ طالبعلم نے فوری عرض کی جی حضور۔

اس کے بعد حضور انور ڈائننگ ہال کے عقبی دروازہ سے جامعہ احمدیہ کے عقبی جانب تشریف لے گئے اور وہاں لگی مارکی کی بابت حضور انور کے استفسار پر مکرم حافظ اعجاز احمد صاحب نے عرض کیا کہ یہ مردوں کی طعام گاہ کے طور پر استعمال ہو گی۔ اس موقعہ پر حضور انور نے محترم سید محمود احمد شاہ صاحب کو مخاطب کر کے فرمایا جامعہ کی یہاں 30 ایکٹر زمین ہے۔ محترم سید محمود احمد شاہ صاحب نے عرض کیا جی حضور محترم امیر صاحب نے مجھے بتایا ہے اور ساتھ ہی عرض کیا کہ سارا جامعہ ہی بہت پیارا ہے۔

اس کے بعد حضور انور ڈائننگ ہال کے دوسرے حصہ میں، جہاں مہمان مستورات جمع تھیں تشریف لے گئے۔

خواتین کی طرف سے باہر تشریف لا کر حضور انور نے مکرم حافظ اعجاز احمد صاحب سے دریافت فرمایا کہ ہوسٹل کے اس بالائی حصہ میں بھی مہمانوں کا انتظام کر لیا ہے۔ مکرم حافظ صاحب کے اثبات میں جواب پر دریافت فرمایا کہ مہمان تو ابھی نہیں آئے؟ حافظ صاحب نے عرض کیا کہ حضور ابھی نہیں آئے۔ فرمایا جاؤ محمود شاہ صاحب کو اوپر کے کمرے بھی دکھلاؤ۔

اس دوران حضور انور ڈائننگ ہال کے سامنے Cellar کی طرف تشریف لے گئے اور اس کے زمینی دروازہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے خاکسار سے دریافت فرمایا، یہ کیا ہے۔ خاکسار نے عرض کیا حضور یہاں ہوٹل والے شراب سٹور کیا کرتے تھے اور اب یہاں پر جامعہ میں صفائی کا کام کرنے والے کارکنان کی رہائش ہے۔

پھر حضور انور باہر گاڑیوں کی طرف تشریف لے گئے اور راستہ میں مکرم عبدالقدوس عارف صاحب مربی سلسلہ سے کچھ دیر گفتگو فرمائی۔ اسی دوران محترم سید محمود احمد شاہ صاحب بھی ہوسٹل کا بالائی حصہ دیکھ کر واپس آ گئے۔ چنانچہ حضور انور اپنی کار میں تشریف فرما ہوئے اور حضور انور کا قافلہ پانچ بجکر چودہ منٹ پر جامعہ احمدیہ سے اسلام آباد کے لئے روانہ ہوا۔

پانچ بجکر تیس منٹ پر حضور انور اسلام آباد پہنچنے پر جب کار سے باہر تشریف لائے تو مکرم فہیم احمد انور صاحب نائب افسر جلسہ سالانہ انچارج مہمان نوازی اسلام آباد، مکرم ابراہیم اخلف صاحب ناظم مہمان نوازی عرب مہمان اور مکرم مجید احمد سیالکوٹی صاحب مربی سلسلہ اسلام آباد نے مصافحہ کی سعادت پائی۔

مکرم فہیم انور صاحب نے عرض کی کہ حضور پہلے پریس کی طرف چلیں؟ حضور انور نے فرمایا وہاں کیا ہے؟ فہیم صاحب نے عرض کیا کہ حضور انہوں نے نئی کتابیں رکھی ہیں۔ چنانچہ حضور پریس کی طرف تشریف لے گئے۔ پریس کے سامنے پہنچ کر حضور انور نے پرانے کچن کے بارہ میں دریافت کیا تو مکرم فہیم انور صاحب نے عرض کیا کہ حضور پرانا کچن ہے لیکن اب استعمال نہیں ہوتا۔ پھر حضور انور پریس کے مین ہال میں تشریف لے گئے۔ جہاں مشینوں پر پرنٹنگ اور بائنڈنگ کا کام ہو رہا تھا۔ حضور انور کے دریافت فرمانے پر مکرم ملک مظفر احمد صاحب انچارج رقیم پریس نے عرض کیا کہ حضور الفضل انٹرنیشنل کا سالانہ نمبر تیار ہو رہا ہے۔ پھر ایک مشین کی بابت عرض کیا کہ اسی قسم کی مشین قادیان کے پریس کے لئے بھجوائی ہے۔ لیکن وہ اس سے بہت زیادہ ایڈوانس ہے اور اس پر کاغذ اٹھانے سے بائنڈنگ اور کٹنگ کے تمام مراحل آٹومیٹک طور پر ہوتے ہیں۔ پھر حضور انور نے کچھ دیر مشینوں کو ملاحظہ فرمایا اور دوسرے کمرہ میں تشریف لے گئے جہاں حضور انور کے ملاحظہ کے لئے نئی شائع ہونے والی کتب کو میز پر سجایا گیا تھا۔ حضور انور نے کچھ دیر ان کتب کو ملاحظہ فرمایا اور پھر فرمایا یہ کتب نمائش والوں کو دے دی ہیں؟ اگر نہیں دیں تو دے دیں۔

اس کے بعد حضور انور کچن کے عقبی دروازہ سے کچن میں تشریف لے گئے اور وہاں رکھے گئے کیک کو چکھ کر متبرک فرمایا اور پھر ڈائننگ ہال جہاں اسلام آباد میں رہائش رکھنے والے مہمانوں کو کھانا کھلانے کا انتظام کیا گیا تھا، کا معائنہ فرماتے ہوئے ڈائننگ ہال کے داخلی دروازہ سے باہر تشریف لائے جہاں اسلام آباد میں کام کرنے والی مختلف نظامتوں کے کارکنان، مختلف دفاتر کے مربیان کرام اور مہمان لائن میں کھڑے اپنے آقا کے منتظر تھے۔ حضور انور نے تمام احباب کو السلام علیکم کہا۔ لائن میں کھڑے مکرم طاہر جمیل احمد بٹ صاحب نمائندہ مجلس خدام الاحمدیہ ربوہ پاکستان سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ کون ہیں؟ انہوں نے اپنا تعارف کروایا تو حضور انور نے فرمایا آپ یہاں کیا کر رہے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ وہ مکرم محمد احمد صاحب نعیم کے عزیز ہیں اور ان سے ملنے آئے ہیں۔

حضور انور نے اسمبلی ہال کی بابت دریافت فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ مکرم فہیم انور صاحب نے عرض کیا کہ کبابیر کے مہمانوں کی رہائش کا یہاں انتظام کیا گیا ہے، اس جگہ چالیس افراد کی رہائش کی گنجائش ہے۔ حضور انور نے اس رہائش گاہ کا معائنہ فرمایا اور دریافت فرمایا کہ اچھی اکاموڈیشن ہے؟ عرض کیا گیا کہ جی حضور۔ پھر حضور انور نے مکرم ابراہیم اخلف صاحب انچارج عربک ڈیسک جماعت یوکے سے دریافت فرمایا کہ وہ رہائش کے انتظامات سے مطمئن ہیں۔ ان کے اثبات میں جواب دینے پر حضور انور نے ان سے کچھ دیر گفتگو فرمائی اور انہیں مختلف ہدایات سے نوازا۔

اس کے بعد حضور انور لجنہ ہال کی طرف تشریف لے گئے جہاں خواتین کی رہائش کا انتظام کیا گیا تھا۔ لجنہ ہال جاتے ہوئے راستہ میں آنے والی ٹائلٹس کے بارہ میں حضور انور نے فرمایا کہ یہ تو بہت زیادہ خراب ہو چکی ہیں، ان کی بجائے پورٹ ایبل ٹائلٹس رکھوا دینی تھیں۔ افسر جلسہ سالانہ مکرم ناصر خان صاحب کے عرض کرنے پر کہ چونکہ یہ ٹائلٹس معمولی مرمت کے بعد ٹھیک ہو گئی تھیں اس لئے پورٹ ایبل ٹائلٹس نہیں رکھوائی گئیں، حضور انور نے دریافت فرمایا کہ ان کی صفائی اچھی طرح کروائی گئی ہے۔ مکرم فہیم احمد انور صاحب نے عرض کیا کہ حضور ہم نے اور شعبہ صفائی والوں نے بہت محنت سے ان کو صاف کیا ہے۔ حضور انور نے مکرم ناصر خان صاحب کو مخاطب کر کے فرمایا کہ صفائی کے بارہ میں زیادہ بہتر خواتین بتا سکتی ہیں، ان کا صفائی کا معیار مردوں سے زیادہ اچھا ہوتا ہے اس لئے خواتین کو کہنا تھا کہ چیک کر کے بتائیں کہ صاف ہیں یا نہیں۔

پھر کچھ دیر کے لئے حضور انور لجنہ ہال کے اندر تشریف لے گئے۔ وہاں سے باہر تشریف لا کر مکرم فہیم انور صاحب سے دریافت فرمایا کہ پیڈک کی طرف کیا ہے۔ انہوں نے عرض کیا کہ حضور اس طرف کچھ نہیں صرف سکیورٹی کی ایک پوسٹ ہے۔

حضور انور نے مکرم مسرور صاحب جو اسلام آباد میں رکھے جانے والے گھوڑوں کے ٹرینر ہیں سے دریافت فرمایا کہ ان کی ڈیوٹی کہاں ہے؟ ان کے عرض کرنے پر کہ حدیقۃ المہدی میں بجلی کے شعبہ میں ہے۔ حضور انور نے فرمایا یہاں گھوڑوں کا خیال کون رکھے گا۔ انہوں نے عرض کیا کہ اس کام سے فارغ ہو کر ڈیوٹی پر جاؤں گا۔

اس کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ کی طرف چل پڑے اور راستے میں پہلے مکرم مسرور صاحب سے گھوڑے کے نومولود بچہ اشقر اور تحفہ ملنے والے گھوڑے کے بارہ میں مختلف امور دریافت فرمائے۔ پھر مکرم فہیم انور صاحب نے بیت کے بارہ میں عرض کیا کہ اسے انڈونیشین مہمانوں کی رہائش کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ حضور انور نے دریافت فرمایا کہ نماز کہاں ہوگی۔ مکرم فہیم انور صاحب نے عرض کیا کہ نماز کے لئے ہولی گراؤنڈ میں مارکی لگوائی گئی ہے۔ حضور انور نے دریافت فرمایا کہ بیت میں قیام کرنے والے مہمان کون سے واش روم استعمال کریں گے۔ مکرم فہیم انور صاحب نے عرض کیا کہ حضور یہی واش روم وہ بھی استعمال کریں گے۔ پھر حضور انور کے دریافت کرنے پر مکرم فہیم انور صاحب نے عرض کیا کہ واش روم کی کل تعداد ساٹھ ہے۔

حضور انور نے مکرم ناصر خان صاحب سے دریافت فرمایا کہ جامعہ میں کون سے انڈونیشین مہمان قیام کر رہے ہیں؟ احمدی یا غیر احمدی؟ مکرم ناصر خان صاحب نے عرض کی کہ حضور وہ بھی احمدی مہمان ہی ہیں۔

اس کے بعد پانچ بجکر پچاس منٹ پر حضور انور اپنی رہائش گاہ میں تشریف لے گئے۔ چھ بجکر دس منٹ پر حضور انور اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور حضور انور کا یہ قافلہ حدیقۃ المہدی کے لئے روانہ ہوا۔

حضور انور کی رہائش گاہ کے سامنے قافلہ کی گاڑیوں کو پارک کیا گیا۔ حضور انور گاڑی سے باہر تشریف لائے اور حدیقۃ المہدی کے معائنہ کے لئے روانہ ہوئے۔ مکرم ناصر خان صاحب افسر جلسہ سالانہ نے مکرم عمران احمد چغتائی صاحب نائب افسر جلسہ سالانہ کا تعارف کرواتے ہوئے حضور انور کی خدمت اقدس میں عرض کی کہ یہ سائیٹ کے سارے انتظامات کے انچارج تھے اور معائنہ میں یہ لیڈ کریں گے۔ مکرم عمران چغتائی صاحب نے اسی اثناء میں حضور انور سے مصافحہ کی سعادت پائی۔

اسی دوران حضور انور معائنہ فرماتے ہوئے مینٹی نینس کی ٹیم کے قریب سے گزرے تو مکرم پیر بشارت صاحب نائب افسر جلسہ سالانہ نے حضور انور سے مصافحہ کی سعادت حاصل کی اور مکرم ناصر خان صاحب افسر جلسہ سالانہ نے اس ٹیم کا تعارف کروایا۔ حضور انور نے ازراہ شفقت ناظمین کو مصافحہ کا شرف عطاء فرمایا۔

امسال شروع کئے جانے والے ویسٹ ری سائیکلنگ کے نئے شعبہ کے پاس سے گزرتے ہوئے مکرم ناصر خان صاحب نے اس کی بابت عرض کی۔ نیز اس شعبہ کے انسپکٹر مکرم قاسم حیات صاحب کی درخواست پر حضور انور وہاں مختلف قسم کے ویسٹ کے لئے رکھے گئے کنٹینرز کے پاس تشریف لے گئے اور مکرم قاسم حیات صاحب نے اس شعبہ کے کام کی تفصیل حضور انور کی خدمت اقدس میں عرض کی۔ نیز حضور انور کے استفسار فرمانے پر بتایا کہ کھانوں کے لئے الگ الگ کنٹینرز کے علاوہ پلاسٹک کی بوتلوں، ٹن اور کارڈ بورڈ کے لئے بھی الگ الگ کنٹینرز رکھے گئے ہیں۔ بھرے ہوئے کنٹینرز کو سٹور کرنے کے لئے مخصوص ایریا میں ساتھ ساتھ سٹور کیا جائے گا جہاں سے جلسہ کے بعد کمپنی اٹھا کر لے جائے گی۔

اکاموڈیشن کے سٹور کی طرف تشریف لے جاتے ہوئے راستہ میں لائن میں کھڑی واٹر سپلائی کی ٹیم کے ناظمین کو حضور انور نے مصافحہ کا شرف عطاء فرمایا اور پھر حضور اکاموڈیشن کے سٹور میں تشریف لے گئے۔ حضور انور نے دریافت فرمایا کہ بیڈنگ کتنی ہے؟ مکرم حسن احمد صاحب ناظم اکاموڈیشن حدیقۃ المہدی نے عرض کیا کہ ہمارے پاس ساڑھے چار ہزار مہمانوں کے لئے میٹرسز اور بیڈنگ موجود ہے۔ سٹور میں معائنہ کے لئے بچھائے گئے بستر کے میٹرس کو حضور انور نے اچھی طرح دبا کر دیکھا اور فرمایا نرم ہے میٹرس اور پھر فرمایا ایک دفعہ ہی استعمال ہوگی۔ ناظم صاحب اکاموڈیشن نے عرض کیا کہ حضور پچھلے سال بھی استعمال ہوئے تھے اور امسال ان پر غلاف بھی چڑھا دیئے ہیں۔ حضور انور نے دریافت فریایا کتنے سال استعمال کریں گے؟ مکرم ناظم صاحب نے عرض کیا کہ حضور انشاء اللہ پانچ چھ سال آرام سے استعمال ہو جائیں گے۔ معائنہ کے دوران حضور انور نے سٹور میں بیٹھے ہوئے ایک بچہ کی گال پر اپنے دست مبارک سے پیار دیا۔

پھر حضور انور فوڈ سٹور میں تشریف لے گئے جہاں مکرم ظہیر احمد جتوئی صاحب نے سٹور کی انتظامیہ کا حضور انور سے تعارف کروایا اور سٹور میں رکھے جانے والے سامان کی بابت تفصیل عرض کی اور بتایا کہ بڑی بڑی اشیاء کی سپلائی سٹور میں پہنچ چکی ہے اور بعض چھوٹی اشیاء کی سپلائی ابھی آنی باقی ہے۔

سٹور کے داخلی دروازے پر ہیلتھ اینڈ سیفٹی کے کارکنان لائن میں کھڑے تھے اور انہوں نے حضور انور کی خدمت اقدس میں کیک پیش کیا جسے حضور انور نے ازراہ شفقت کاٹتے ہوئے، ہیلتھ اینڈ سیفٹی کی ٹیم کی طرف سے گزشتہ سال پیش کئے جانے والے کیک، جسے کارکنان نے غلطی سے فریج میں رکھ دیا تھا اور وہ سخت ہو گیا تھا اور حضور انور نے اسے کاٹتے ہوئے فرمایا تھا کہ اس میں پتھر ڈالے ہیں؟ کو یاد دلاتے ہوئے ازراہ مزاح فرمایا لگتا ہے پتھر کا بنایا ہے۔ نیز فرمایا کہ زیادہ سیفٹی کی ہے۔ پھر حضور انور نے کیک کو کاٹ کر اس میں سے کچھ چکھتے ہوئے دریافت فرمایا کس نے بنایا ہے؟ مکرم عرفان قریشی صاحب افسر ہیلتھ اینڈ سیفٹی نے عرض کیا کہ حضور راجہ مسعود صاحب کی بہو نے تیار کیا ہے۔ حضور انور نے فرمایا انہیں کہیں میٹھا زیادہ کھایا کریں۔

